جامعہ علوم اثریہ میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع جہلم کا تنظیمی اجلاس

مورخہ 18 ستمبر بروز اتوار بعد نماز عصر جامعہ میں مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع جہلم کا اہم تنظیمی اجلاس ہوا جس میں حضرت الأمیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر صاحب، ناظم اعلیٰ ڈاکٹر حافظ عبدالکریم صاحب، حافظ عبدالستار حامد صاحب امیر مرکزیہ پنجاب، مولانا میاں محمود عباس ناظم اعلیٰ مرکزیہ پنجاب، حافظ عبدالعلیم یزدانی اور مولانا عبدالباسط شیخوپوری نے شرکت کی۔

رئیس الجامعہ کے حکم پر ایک ہفتہ قبل ضلع جہلم اور اس کی تحصیلوں (جہلم، دینہ، سوہاوہ اور پنڈ دادنخان) کے عہدیداران اور اراکین کو باقاعدہ دعوت نامہ اور ٹیلی فون کے ذریعہ پروگرام کی اطلاع کی گئی۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ تلاوت ونظم کے بعد مولانا سید الطاف الرحمٰن شاہ گجرات، شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل اور صدر انجمن اہل حدیث جہلم راجہ انار گل ایڈووکیٹ نے خطاب کیا۔ بعدازیں مرکزی قائدین اسٹیج پر تشریف لائے اور جماعتی اور تنظیمی حوالے سے خطابات کئے۔ نماز مغرب سے قبل رئیس الجامعہ کے دفتر میں پریس کانفرنس بھی ہوئی جس میں تمام پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں ضلع جہلم اور تحصیلوں کے عہدیداران اور اراکین نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں رئیس الجامعہ نے مہمانان گرامی اور ضلع بھر سے آنے والے عہدیداران واراکین کا شکریہ ادا کیا اور نماز مغرب کے بعد تمام مہمانوں کی پرتکلف ضیافت کی گئی۔

کرامت حسین مغل، حقیق مغل، شفیق مغل وبرادران اور عبدالقدوس مغل کو صدمہ

الحاج محمد داؤد مغل کا گلاسکو میں سانحہ ارتحال

مورخہ 19 اگست بروز جمعہ کرامت حسین مغل کے چھوٹے بھائی، حقیق مغل وشفیق مغل برادران کے والد اور عبدالقدوس مغل کے نانا جان الحاج محمد داؤد مغل طویل علالت کے بعد گلاسکو (یوکے) میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم انتہائی نیک اور صوم وصلوٰۃ کے پابند ہونے کے ساتھ ساتھ جامعہ کے معاون خاص تھے۔ حضرت مولانا حافظ عبدالغفور اور علامہ محمد مدنی کے ساتھ عقیدت ومحبت سے بھرپور گہرا تعلق تھا۔ مرحوم کے دل کا بائی پاس ہوا اور پھر ہوش میں نہیں آئے۔ بالآخر داعی اجل کو لبیک کہا۔ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں رئیس الجامعہ نے مرحوم کی خدمات کو سراہا اور نماز جمعہ کے بعد مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

میاں نعیم بشیر (ڈائریکٹر کے ڈی سی فیکٹری) کو صدمہ

مورخہ 18 اگست بروز جمعرات میاں نعیم بشیر (ڈائریکٹر کے ڈی سی فیکٹری) کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک اور بااخلاق خاتون تھی۔ نماز جنازہ کے ڈی سی کے وسیع گراؤنڈ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ، جماعتی احباب اور شہر بھر سے تاجر وکاروباری حضرات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

جامعہ علوم اثریہ جہلم کا مسلسل اعزاز

الحمد للہ اس سال مدینہ یونیورسٹی میں علامہ محمد مدنی کے دو صاحبزادوں عکاشہ مدنی اور سعد مدنی کا داخلہ ہوا اور گزشتہ 7 سالوں میں جامعہ کے 27 طلبہ کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہو چکا ہے اور امسال ایک طالب علم کا ماجستیر (ایم اے) میں بھی داخلہ ہوا۔